تبصرۂ کتب

ایڈیٹر

فارسی پاکستانی و مطالب پاکستان شناسی (فارسی ۔ جلد یکم) تحریر : آقائے محمد حسین تسبیحی ۔ ناشر : ادارۂ تحقیقات فارسی ایران و پاکستان ۱۸۴ راشد منہاس روڈ راولپنڈی ۔ پاکستان ۔ قیمت ۴۰ روپے ۔ صفحات ۵۱۹ ۔

فارسی زبان میں پاکستان کے علمی اور ثقافتی اداروں مراکز، کتب خانوں، اور اہم شہروں کے بارہ میں مؤلف کتاب کے چشم دید حالات اور تاثرات کا یہ مجموعہ ایران کو پاکستان سے متعارف کرانے کی ایک بہترین اور قابل قدر کوشش ہے ۔ مؤلف کتاب محترم جناب محمد حسین تسبیحی صاحب پاکستان اور ایران کے مشترکہ تعاون سے کتب خانہ گنج بخش اور ادارہ تحقیقات فارسی راولپنڈی میں شب و روز وقیع علمی و دینی خدمات میں مصروف ہیں ۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں علمی تحقیق مطالعہ اور تجسس کے ذوق سے نوازا ہے ۔ قلمی نوادرات اور نایاب قلمی نسخوں کا جمع کرنا تو گویا ان کا عشق بن چکا ہے ۔ مؤلف کتاب جناب تسبیحی صاحب اور ادارہ کے فاضل ڈائریکٹر جناب آقائی دکتور علی اکبر جعفری کی جدوجہد سے اب تک کئی ہزار نادر بیش قیمت قلمی نسخوں کا ذخیرہ جمع ہو چکا ہے ۔ جناب تسبیحی صاحب تحقیق اور مطالعہ کے سلسلہ میں جہاں جہاں گئے یا جن علمی اشخاص اور اداروں کا مشاہدہ کیا اپنی معلومات کی حد تک اسے قلمبند کر کے ایرانی اخبارات اور مجلات میں شائع کراتے رہے ایسے میں ایک سو چودہ عنوانات کے تحت انہوں نے اپنے مضامین کا مجموعہ اس قابل قدر کتابی شکل میں پیش کر دیا ہے ۔ کئی انڈکس بھی دیئے ہیں ۔ اہم مقامات کی تصاویر بھی شامل کتاب ہیں ۔ جناب تسبیحی صاحب کی علمی اور ثقافتی خدمات قابل قدر ہیں اور ان کا علمی ذوق و شوق اور انہماک پاکستانی حضرات کے لئے نمونہ بننا چاہیئے ۔

معارف الحقائق (عربی) مؤلف : مولانا میاں حکمت شاہ صاحب کاکاخیل (فاضل دیوبند) زیارت کاکا صاحب ۔ ضلع پشاور ۔ پتہ ۔ مؤلف کتاب ۔ صفحات ۴۳۵ ۔ قیمت درایتی صفات رشتے

اس کتاب کو دراصل مؤلف کا حاصل مطالعہ یا علمی کشکول کہا جا سکتا ہے جسے انہوں نے اپنے ذوق کے مطابق ادب ۔ تاریخ ۔ سیرت وغیرہ کی جلیل القدر کتابوں سے منتخب کیا ۔ مثلاً ابن بطوطہ کے سفرنامہ